COVID-19 VACCINE
Public Health Advice

آپ کے
کووڈ-19 کے بوسٹرز

حمل میں

Rialtas na hÉireann
Government of Ireland

HSE کے ذریعہ 16 ستمبر 2022
کو شائع کیا گیا
ورژن 2

مجھے اپنی اگلی کووڈ-19 کی ویکسین کیوں لگوانی چاہئے؟

اپنی کووڈ-19 ویکسین کے بارے میں اپ ٹو ڈیٹ رہنا ضروری ہے، اگرچہ آپ پہلے ہی ویکسین لگوا چکے ہیں یا آپ کو کووڈ-19 ہوچکا ہے۔ یہ اس لیے ہے کیونکہ:

- جو تحفظ آپ کو اپنی پچھلی ویکسین سے حاصل ہوا ہے یا جو تحفظ آپ کو کووڈ-19 انفیکشن سے ملا ہے وہ وقت کے ساتھ کمزور ہو سکتا ہے
- اگر آپ کو کووڈ-19 ہو جاتا ہے تو آپ کو شدید بیماری کا زیادہ خطرہ ہو سکتا ہے

کووڈ-19 آپ کی صحت اور آپ کے بچے کی صحت کے لیے خطرہ ہے۔ حاملہ ہونے کی حالت میں کووڈ-19 کا شکار ہونے والے زیادہ تر لوگ ہلکی سے معمولی علامات رکھتے ہیں۔ تاہم، آپ کی صحت کے بگڑنے کا امکان زیادہ ہے اور آپ کو ان لوگوں سے زیادہ جن کو حمل نہیں ہے انتہائی نگہداشت میں علاج کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ وائرس آپ کے بچے کے لیے پیچیدگیاں بھی پیدا کر سکتا ہے، بشمول قبل از وقت پیدائش یا مردہ حالت میں پیدائش۔

1 سال سے کم عمر کے بچوں کو کووڈ-19 کی وجہ سے ہسپتال میں داخل ہونے اور شدید بیماری کا زیادہ خطرہ ہوتا ہے۔ چھوٹے بچے جن کی ماؤں کو حمل کے دوران ٹیکہ لگایا گیا تھا، انہیں کووڈ-19 کی وجہ سے ہسپتال میں دیکھ بھال کی ضرورت کا امکان کم ہوتا ہے۔

حمل کے دوران کووڈ-19 ویکسین لینا آپ کو اور آپ کے بچے کو کووڈ-19 سے بہترین ممکنہ تحفظ فراہم کرتا ہے۔

مجھے کووڈ-19 ویکسین کی کتنی ڈوز کی ضرورت ہوگی؟

آپ کے حاملہ ہونے سے پہلے اگر آپ نے پہلے راؤنڈ (عام طور پر 2 خوراکیں) او ایک ہی بوسٹر خوراک لی ہے، تو آپ اپنا دوسرا بوسٹر اپنی حمل کے 16 ہفتوں میں یا اس کے بعد حاصل کر سکتے ہیں (آپ کے پہلے بوسٹر کے کم از کم 4 ماہ بعد)۔

اگر آپ کو اپنی موجودہ حمل میں پہلا بوسٹر ملا ہے، تو دوسری بوسٹر خوراک کی ضرورت نہیں ہے۔

اگر آپ نے پہلے ہی یہ ویکسین نہ لگوائی ہوں، تو آپ حمل کے کسی بھی مرحلے میں کووڈ-19 ویکسین کا پہلا راونڈ یا پہلا بوسٹر حاصل کر سکتے ہیں۔

میں بوسٹر کب لگوا سکتی ہوں؟

آپ کو اپنی آخری کووڈ-19 ویکسین کے کم از کم 4 ماہ بعد اپنا بوسٹر لگوا لینا چاہیے۔ اگر آپ کو کووڈ-19 ہے تو آپ کو اپنا بوسٹر حاصل کرنے سے پہلے کم از کم 4 ماہ انتظار کرنا ہو گا۔

مجھے اپنے بوسٹر کے لیے کون سی ویکسین پیش کی جائے گی؟

یورپی میڈیسن ایجنسی (EMA) کی منظوری کے بعد، آئرلینڈ میں نیشنل امیونائزیشن ایڈوائزری کمیٹی (NIAC) کی جانب سے تین منظور شدہ mRNA کووڈ19- ویکسینز کو بوسٹر خوراک کے طور پر تجویز کیا گیا ہے۔ یہ ویکسین درج ذیل ہیں:

- Comirnaty® BA.1 (Pfizer ویکسین)
- Comirnaty® BA.4-5 (Pfizer ویکسین)
- Spikevax® BA.1. (Moderna ویکسین)

یہ منظور شدہ ویکسین حمل میں دی جا سکتی ہے۔ اگرچہ پچھلی تمام ویکسین کووڈ19- کے خلاف تحفظ فراہم کرتی ہیں، لیکن اختیار شدہ ویکسین سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ کووڈ19- کے خلاف وسیع تر تحفظ فراہم کریں گے۔

ہمیں بوسٹروں کے محفوظ ہونے کے بارے میں کیا جاننا چاہیے؟

ہمارے پاس دوسرے اور بعد میں کووڈ19- بوسٹرز کے محفوظ ہونے کے بارے میں کم معلومات ہیں۔ تاہم، بہت سے ممالک نے اپنی آبادی کو کووڈ19- ویکسین کی متعدد خوراکیں دی ہوئی ہیں۔ مطالعات سے پتہ چلتا ہے کہ جن لوگوں نے متعدد بوسٹر حاصل کیے ہیں ان کے لیے اب تک کوئی غیر متوقع حفاظتی خدشات نہیں ہیں۔

یہ توقع کی جاتی ہے کہ منظور شدہ ویکسین کی حفاظت پچھلی ویکسینوں کی طرح ہو گی۔ EMA کی طرف سے ویکسین کی حفاظت کی نگرانی جاری رہے گی۔

تمام منظور شدہ ٹیکوں میں ٹرومیٹامول (Trometamol) ہوتا ہے اور اگر آپ کو ٹرومیٹامول سے انفیلیکسس (شدید الرجک رد عمل) ہوا ہے تو آپ اس کا استعمال نہیں کر سکتے۔

کیا بوسٹر ویکسین یورپی میڈیسن ایجنسی (EMA) کے ذریعہ لائسنس یافتہ ہیں؟

mRNA ویکسین کے دوسرے یا بعد کے بوسٹرز کو EMA نے منظور نہیں کیا ہے۔

NIAC کی سفارشات مقامی ڈیٹا اور تحفظات کی وجہ سے EMA کی سفارشات سے مختلف ہو سکتی ہیں۔ آئرلینڈ میں ہم NIAC کے مشورے پر عمل کرتے ہیں۔

کیا میں دوسری ویکسین کے ساتھ ساتھ ایک ہی وقت میں اپنی کووڈ19- ویکسین بھی لے سکتی ہوں؟

ہاں۔ اگر آپ زکام یا کھانسی (کالی کھانسی) کی ویکسین لگوا رہے ہیں، تو آپ ایک ہی وقت میں کووڈ19- کی کوئی بھی ویکسین لگوا سکتے ہیں۔

کھانسی (کالی کھانسی) کی ویکسین حمل کے 16 سے 36 ہفتوں کے درمیان تجویز کی جاتی ہے، اور عام طور پر آپ کے جنرل پریکٹیشنر GP کی جانب سے پورے سال دستیاب ہیں۔

مزید معلومات

آپ مزید معلومات **hse.ie/covid19vaccine پر پڑھ سکتے ہیں یا ہماری ٹیم کو HSELive میں نمبر 1800 700 700 پر کال کر سکتے ہیں** وہ پیر سے جمعہ صبح 8 بجے سے شام 8 بجے تک اور ہفتہ اور اتوار کو صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک دستیاب رہتے ہیں۔

آپ اپنے جنرل پریکٹیشنر GP، نرس، فارماسسٹ یا ویکسین لگانے والے سے بھی بات کر سکتے ہیں۔

HSE کے ذریعہ 16 ستمبر 2022 کو شائع کیا گیا

ورژن 2

Rialtas na hÉireann
Government of Ireland